# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 02 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲؍جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ مصنوعی ذہانت، بھارتی معیشت کی ترقی کی گاڑی کے طور پر ابھر رہی ہے: صدرِ جمہوریہ کا اظہارِ خیال۔

☆ ترقی یافتہ بھارت جی-رام جی اسکیم میں زراعت اور روزگار کی ضمانت کے درمیان مناسب توازن رکھا گیا ہے: مرکزی وزیر زراعت کا بیان۔

☆ 99 ویں کُل ہند مراٹھی ساہتیہ سمّیلن کا بزرگ مصنفہ ڈاکٹر مُردُلا گرگ کے ہاتھوں آج ہوگا باضابطہ افتتاح۔

اور۔۔۔☆ میونسپل کارپوریشن انتخابات کیلئے امیدواری پرچے واپس لینے کا آج آخری دن۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت تیزی سے دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی طرف گامزن ہے اور مصنوعی ذہانت (AI) ٹکنالوجی بھارتی معیشت کے نمو کے انجن کے طور پر ابھر رہی ہے۔ وہ کل راشٹرپتی بھون میں مصنوعی ذہانت کی تیاری کی مہارتوں پر منعقدہ ایک خصوصی اجلاس سے مخاطب تھیں۔ انہوں نے کہا کہ اے آئی صرف ایک ٹیکنالوجی نہیں ہے بلکہ مثبت تبدیلی لانے کا ایک موقع ہے۔ صدر جمہوریہ نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ ڈیٹا سائنس، مصنوعی انجینئرنگ اور ڈیٹا اینالیٹکس جیسی مہارتیں ملک میں اے آئی ٹیلنٹ پول کو فروغ دینے میں کلیدی کردار ادا کریں گی۔ انھوں نے کہا:

**Byte: President Draupadi Murmu**

***** ***** *****

دسمبر 2025 میں اشیاء اور خدمات ٹیکس- (GST) کی مجموعی وصولی ایک لاکھ 75 ہزار کروڑ روپئے ہوئی ہے۔ اور دسمبر 2024 کے مقابلے میں یہ وصولی چھ فیصد زیادہ ہے۔

دریں اثنا، یونیفائیڈ پیمنٹس انٹرفیس (UPI) کے ذریعے لین دین میں دسمبر 2025 تک نمایاں اضافہ ہوا ہے، اور اس میں 21 اعشاریہ 63 ارب روپئے کے لین دین ہوئے۔ نیشنل پیمنٹ کارپوریشن نے یہ اعداد و شمار جاری کیے۔ 2024 کے مقابلے میں یہ اضافہ 20 فیصد زیادہ ہے۔

***** ***** *****

ممبئی-احمد آباد بلٹ ٹرین کے پہلے مرحلے کی رُونمائی 15 اگست 2027 کو کی جائے گی۔ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کل دہلی میں ایک صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ ممبئی سے احمد آباد تک یہ ٹرین خدمات مرحلہ وار شروع کی جائیں گی، اور پہلے مرحلے میں سورت سے بلی مورا خدمات شروع ہوں گی۔ انھوں نے کہا...

**Byte: Union Minister Ashwini Vaishnav**

ویشنو نے مزید بتایا کہ ملک کی اوّلین وندے بھارت سلیپر ٹرین خدمات عنقریب گوہاٹی اور کولکتہ کے درمیان شروع ہوں گی۔ وہ گزشتہ روز نئی دہلی میں منعقدہ ایک مذاکرے سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی آئندہ 15 تا 20 دنوں میں نئی ریلوے گاڑی کو سبز جھنڈی دکھائیں گے۔

***** ***** *****

زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ ''ترقی یافتہ بھارت جی- رام جی'' اسکیم میں زراعت اور روزگار کی ضمانت میں مناسب توازن رکھا گیا ہے۔ وہ کل اہلیا نگر ضلعے کے راہتہ تعلقے کے لونی بدرُک میں ''ترقی یافتہ بھارت جی- رام جی'' مہم کے تحت منعقدہ خصوصی گرام سبھا سے مخاطب تھے۔ چوہان نے کہا کہ دیہی ترقی کے فیصلے اب دہلی یا ممبئی سے نہیں بلکہ گاؤں کے ساکنان کو براہِ راست گرام سبھا کے ذریعے لینے چاہئیں۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Agriculture Minister Shivraj Singh Chuohan**

اس موقعے پر چوہان نے منریگا اسکیم کی خامیوں کے مقابلے نئی اسکیم میں کی گئی ترامیم کی تفصیلات بھی پیش کیں۔

***** ***** *****

پونے ضلعے کے کورے گاؤں بھیما میں کل یومِ شجاعت منایا گیا۔ گاؤں میں واقع یادگارِ فتح پر خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے عقیدت مند بڑی تعداد میں جمع ہوئے تھے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

بین الاقوامی صحافیوں تنظیم کی ایک رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ 2025 میں دنیا بھر میں 128 صحافی مارے گئے ہیں۔ رپورٹ میں واضح کیا گیا کہ مشرق وسطیٰ اور عرب ممالک صحافیوں کیلئے سب سے خطرناک ثابت ہوئے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ غزہ جنگ سے متعلق واقعات میں، فلسطین میں سب سے زیادہ 56 صحافیوں کو ہلاک کیا گیا، جبکہ اس طرح کے واقعات میں بھارت میں چار صحافیوں کی موت ہوئی ہے۔

***** ***** *****

99 ویں کُل ہند مراٹھی ساہتیہ سمّیلن کا باضابطہ افتتاح آج ستارا میں بزرگ مصنفہ اور دانشور ڈاکٹر مرُدلا گرگ کے ہاتھوں عمل میں آئے گا۔ وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس، مراٹھی زبان محکمے کے وزیر ادئے سامنت، بزرگ مصنفہ ڈاکٹر تارا بھوالکر، اور سمّیلن کے مجوزہ صدر بزرگ مصنف وشواس پاٹل تقریب میں خصوصی طور پر موجود رہیں گے۔ دریں اثناء سمّیلن کا آغاز گزشتہ روز کتاب میلے سے ہوا۔ اس کتاب میلے میں نامور ادیبوں اور محبانِ ادب نے شرکت کی۔ ساہتیہ مہامنڈل کے صدر پروفیسر ملند جوشی اور رُخصت پذیر صدر ڈاکٹر تارا بھوالکر کے ہاتھوں پرچم کشائی کی گئی۔ بعد ازاں نشر و اشاعت کٹہ، شاعری کٹہ اور غزل نشست کا بھی افتتاح عمل میں آیا۔ اس چار روزہ ساہتیہ سمّیلن میں مختلف پروگراموں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

***** ***** *****

نائب وزیر اعلیٰ اور بیڑ ضلعے کے رابطہ وزیر اجیت پوار کے ہاتھوں کل بیڑ شہر میں امدادِ باہمی عمارت کا سنگ بنیاد سمیت 575 کروڑ روپئے کے ایک ہزار 216 ترقیاتی کاموں کا افتتاح عمل میں آیا۔ اس موقعے پر امدادِ باہمی محکمے کے وزیر بابا صاحب پاٹل اور مختلف عوامی نمائندے اور دیگر شخصیات موجود تھیں۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے کاشتکاروں کے دولاکھ روپے تک کے فصل قرضوں کیلئے اسٹیمپ ڈیوٹی کو مکمل طور پر معاف کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیرِ محصول چندر شیکھر باونکُڑے نے کل ہنگو لی میں یہ اعلان کیا۔

دریں اثناء باونکُڑے کے ہاتھوں ہنگو لی کے جلیشور تالاب میں '' گال سے پاک آبی پشتے' گال لیس کھیت'' اسکیم کے تحت کام کرنے والے کسانوں کو امداد بھی تقسیم کی گئی۔ تالاب کی گہرائی کو بڑھانے اور گال نکاسی کرکے اس گال کو کھیتوں میں استعمال کرنے اور کھیت زمینوں کی زرخیزی کو بڑھانے کیلئے چلائے جارہے اس اقدام کو ہنگو لی پیٹرن کے نام سے جانا جائے گا۔ باونکُڑے نے اس اقدام کو ریاست بھر میں نافذ کرنے کے حوالے سے ہدایات جاری کرنے کا بھی اعلان کیا۔

***** ***** *****

دریں اثناء باونکولے نے یقین ظاہر کیا کہ آئندہ میونسپل انتخابات کیلئے پارٹی سے بغاوت کرکے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے والے امیدواروں کو منانے کی کوششیں جاری ہیں۔ انھوں نے اس کا کوئی حل نکالے جانے کا بھی یقین ظاہر کیا۔

***** ***** *****

میونسپل کارپوریشن انتخابات کیلئے امیدواری واپس لینے کا آج آخری دن ہے۔ دھولیہ میونسپل کارپوریشن میں کل دو آزاد خواتین امیدواروں نے اپنی درخواستیں واپس لے لیں، جس سے بی جے پی کی ایک اور خاتون امیدوار سریکھا چندرکانت اُگلے کا بلا مقابلہ انتخاب یقینی ہوگیا۔

جبکہ ناسک ضلعے کی مالیگاؤں میونسپل کارپوریشن میں کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ کے دوران پربھاگ نمبر چھ میں دیگر مخالف پارٹیوں کے امیدواروں کے کاغذات نامزدگی مسترد کردیئے جانے سے اسلام پارٹی کی منیرہ شیخ کا بھی بلا مقابلہ انتخاب یقینی ہوگیا۔

***** ***** *****

جالنہ میں اسمال اریگیشن محکمے کا ایگزیکٹیو انجینئر کل ایک لاکھ روپئے کی رشوت لیتے ہوئے پکڑا گیا۔ ملزم انجینئر کا نام روہت دیشمکھ بتایا گیا ہے اور اس نے یہ رشوت حکومت کی جانب سے باز آبادکاری کیلئے مختص کردہ زمین کا معاوضہ دینے کیلئے طلب کی تھی۔

ہنگو لی میں جی ایس ٹی محکمے کے ایک ٹیکس اسسٹنٹ افسر کو بھی انسدادِ رشوت ستانی محکمے کے دستے نے 20 ہزار روپئے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا۔ انہوں نے یہ رشوت ایک تاجر سے کمرشل ٹیکس کی نوٹس منسوخ کرنے کیلئے طلب کی تھی۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے کم درجہ حرارت گوندیا میں ساڑھے آٹھ ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ جبکہ جلگاؤں میں نو اعشاریہ دو اور اہلیانگر میں نو اعشاریہ تین ڈگری سیلسیس درجہ حرارت درج ہوا۔ مراٹھواڑہ کے بیڑ میں 11، پربھنی میں 13 اعشاریہ ایک اور چھترپتی سمبھاجی نگر میں 13 اعشاریہ سات ڈگری سیلسیس درجہ حرارت درج ہوا۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ مصنوعی ذہانت، بھارتی معیشت کی ترقی کی گاڑی کے طور پر ابھر رہی ہے: صدرِ جمہوریہ کا اظہارِ خیال۔

☆ ترقی یافتہ بھارت جی-رام جی اسکیم میں زراعت اور روزگار کی ضمانت کے درمیان مناسب توازن رکھا گیا ہے: مرکزی وزیرِ زراعت کا بیان۔

☆ 99ویں کُل ہند مراٹھی ساہتیہ سمّیلن کا بزرگ مصنفہ ڈاکٹر مُرڈلا گرگ کے ہاتھوں آج ہوگا باضابطہ افتتاح۔

اور۔۔۔☆ میونسپل کارپوریشن انتخابات کیلئے امیدواری پرچے واپس لینے کا آج آخری دن۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****